[89] قیامِ مدینہ منورہ کے دوران کسی بھی وقت اقامت گاہ سے وضوء کر کے جائیں اور مسجدِ قبا میں دو رکعتیں پڑھ لیں۔ اسکا پورے عمرہ کے برابر ثواب ہے۔
(ترمذی، مسند احمد، نسائی، ابن ماجه، ابن حبان، حاکم، ابن ابی شیبه، بیهقی، مسند ابو یعلی، تاریخ کبیر امام بخاری)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

مسجدِ قبا کی زیارت سنتِ رسول ﷺ ہے۔(صحیح مسلم)

[90]بقیع الغرقد یا جنت البقیع کی زیارت کرسکتے ہیں اور وہاں عام قبرستان کی زیارت والی دعاء کریں اور ان الفاظ کا اضافہ کردیں:((اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَ هْلِ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ))

”اے اللہ! اس بقیعِ غرقد کے آسودگانِ خاک کی مغفرت فرمادے۔“

[91]شہداءِ اُحد کی زیارت بھی جائز ہے اور وہاں بھی عام زیارتِ قبور والی دعاء کریں۔

[92]مدینہ منورہ میں جتنا بھی قیام ممکن ہو جائز ہے۔چالیس نمازیں پوری کرنے کیلئے ہفتہ بھر رکنا کوئی شرط نہیں، کیونکہ اس موضوع کی بیان کی جانے والی مسند احمد وطبرانی اوسط والی روایت ضعیف وناقابلِ استدلال ہے۔ (سلسلۃالاحادیث الضعیفہ للالبانی ۳۶۶/۱)

[93]دورانِ حج وعمرہ اگر کوئی شخص مقصد بنائے بغیر ضمنی طور پر

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

کوئی تجارت یا مزدوری کرنا چاہے تو یہ جائز ہے۔
(البقرہ: ۱۹۸، الحج: ۳۸، تفسیر ابن کثیر ۲۸۵/۱، بخاری شریف حدیث: ۱۷۷) البتہ اس میں غیر قانونی اشیاء غیر قانونی طریقوں سے لانا، ان کا کاروبار کرنا اور کسٹم میں دھوکا دہی کرنا جو کہ عام حالات میں بھی روا نہیں، وہ حج وعمرہ کرنے والوں کے لئے بھی جائز نہیں، ان سے بچیں۔ (جدید فقھی مسائل، مولانا خالد سیف اللہ رحمانی ص ۱۳۰۔۱۳۱)

[94] مکّہ مکرمہ کا اصل تحفہ آبِ زمزم اور مدینہ منورہ کا مبارک ہدیہ عجوہ کھجور ہے، کیونکہ آبِ زمزم ہر غرض ومرض کیلئے مفید ہے۔ (مسند احمد، معجم طبرانی اوسط، ابن ابی شیبہ، بیھقی) یہ کھانے کا کھانا (صحیح مسلم) اور بیماری کی دواء ہے (مسند احمد، طیالسی، بیھقی، معجم طبرانی صغیر و کبیر) لیکن اس میں کفن یا نقدی کو بھگونا خانہ ساز فعل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ہے(السنن والمبتدعات ص۱۱۳ وحجۃ النبی ص ۱۱۹)
اور عجوہ کھجور کے سات دانے صبح کھالیں تو اس دن زہر اور
سحر (جادو) اثر نہیں کرتا۔(بخاری ومسلم) یہ شفاء اور زہر کا
تریاق ہے(مسلم) یہ جنّت کا پھل ہے۔(ترمذی، نسائی،
ابن ماجہ، دارمی، مسند احمد وابویعلی)

[95] سفر چاہے کتنا ہی آرام دہ کیوں نہ ہو، یہ عذاب کا ایک ٹکڑا ہوتا ہے، لہٰذا کوئی شخص جب اپنا کام مکمل کرلے تو جلد اپنے اہل وعیال میں لوٹ جائے(بخاری ومسلم)

[96] جب واپسی کا سفر اختیار کریں تو سواری پر بیٹھنے، راستے میں قیام کرنے، شہروں کو دیکھنے اونچائی پر چڑھنے اور زیریں جانب اترنے وغیرہ کی دعائیں کرتے آئیں اور جب اپنا شہر نظر آجائے تو یہ دعاء کریں:

((آئِبُونَ تَا ئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ))

(بخاری ومسلم)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

’’ہم تو تائب ہوکر، سجدہ وعبادت گزاری کا عہد کر کے لوٹ آئے ہیں، اور اپنے رب کی تعریفیں کرتے ہیں‘‘

[97] اپنے گھر میں داخل ہونے سے پہلے ممکن ہو تو مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھ لیں۔ (بخاری ومسلم) اور پھر یہ دعاء کرتے ہوئے اپنے گھر میں داخل ہو جائیں:

﴿ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَعَلٰی رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ﴾

’’اے اللہ! میں تجھ سے داخل ہونے، اور نکلنے کی جگہوں کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، تیرا نام لیکر ہم یہاں سے نکلے تھے اور اے ہمارے رب! تجھی پر ہمارا بھروسہ ہے‘‘۔ (ابوداؤد)

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ابوعدنان محمد منیر قمر نواب الدین، الحکمۃ الکبریٰ، الخبر۔

الرمز البریدی: ۳۱۹۵۲ (سعودی عرب)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

عام حالات میں، طواف وسعی کے دوران اورمیدانِ عرفات وغیرہ میں مانگنے کیلئے

مسنون دعائیں

قرآنی دعائیں:

① ﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ٥اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ٥الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ٥إِيَّاكَ نَعْبُدُ وإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ٥اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ٥صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ٥ ﴾ (سورۂ فاتحہ)

”شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔سب تعریف اللہ تعالیٰ ہی کو سزاوار ہے جو تمام مخلوقات کا رب ہے۔ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔انصاف کے دن کا حاکم ہے۔اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ہم کوسیدھے رستے پر چلا۔ان لوگوں کے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

رستے پر جن پر تو اپنا فضل اور کرم کرتا رہا ہے۔ نہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا ہے اور نہ گمراہوں کے۔"

② ﴿رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝﴾ (سورۂ بقرہ: ۲۰۱)

"اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت میں بھی نعمت عطا فرمانا اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔"

③ ﴿رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝﴾ (سورۂ بقرہ: ۲۵۰)

"اے اللہ! ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتح عطا فرما۔"

④ ﴿رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝﴾ (سورۂ بقرہ: ۲۸۶)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

’’اے رب !اگر ہم سے بھول چوک ہوگئی ہوتو ہم سے مواخذہ نہ کرنا۔اے اللہ! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالنا جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔اے اللہ! جتنا بوجھ اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اتنا ہمارے سر پر نہ رکھنا اور (اے اللہ!) ہمارے گناہوں سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما تو ہی ہمارا مالک ہے اور ہمیں کافروں پر غالب فرما۔‘‘

⑤ ﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ○﴾

(سورۃ آلِ عمران:۸)

’’اے اللہ! جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اُس کے بعد ہمارے دلوں میں کجی پیدا نہ کر دینا۔اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما۔تو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔‘‘

⑥ ﴿رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَآءِ﴾ (سورۃ آلِ عمران:۳۸)

’’اے رب! مجھے اپنی جناب سے اولادِ صالح عطا فرما بے شک

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

تو دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے۔''

⑦ ﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ﴾ (سورۂ آلِ عمران:۱۴۷)

''اے رب! ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما۔ اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت فرما۔''

⑧ ﴿رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ﴾ (سورة الأعراف:۲۳)

''پروردگار! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے۔''

⑨ ﴿رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ﴾ (سورة الأعراف:۱۲۶)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

’’اے اللہ! ہم پر صبر واستقامت کے دہانے کھول دے اور ہمیں (مارنا) تو مسلمان۔‘‘

⑩ ﴿رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ o وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ o﴾

(سورۂ یونس:۸۵،۸۶)

’’اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے ہاتھ سے آزمائش میں نہ ڈال۔ اور ہمیں اپنی رحمت کے ساتھ کافروں کی قوم سے نجات عطا فرما۔‘‘

⑪ ﴿رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ o رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ o﴾ (سورۂ ابراھیم:۴۰،۴۱)

اے اللہ! مجھے (ایسی توفیق عنایت) کر کہ نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو بھی (یہ توفیق بخش) اے اللہ! میری دعا قبول فرما۔ اے اللہ! حساب (کتاب) کے دن مجھے اور میرے ماں

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

باپ کو اور مومنوں کی مغفرت فرما۔“

⑫ ﴿رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّءْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا﴾ (سورۂ کهف:۱۰)

”اے اللہ! ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما اور ہمارے کام میں درستی (کے سامان) مہیا کر۔“

⑬ ﴿رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْٓ أَمْرِيْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ○﴾

(سورۂ طٰهٰ:۲۵–۲۸)

”میرے اللہ! (اس کام کیلئے) میرا سینہ کھول دے۔ اور میرا کام آسان کر دے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تا کہ وہ بات سمجھ لیں۔“

⑭ ﴿رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾ (سورۂ طٰهٰ:۱۱۴)

”اے میرے رب! مجھے اور زیادہ علم دے۔“

⑮ ﴿لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

الظّٰلِمِيْنَo ﴾ (سورة الأنبياء:۸۷)

’’تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصور وار ہوں۔‘‘

(16) ﴿رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ o ﴾

(سورة الأنبياء:۸۹)

’’اللہ! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔‘‘

(17) ﴿رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ o وَأَعُوْذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِo ﴾

(سورة المؤمنون:۹۷،۹۸)

’’اے پروردگار! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اور اے پروردگار! اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آ موجود ہوں۔‘‘

(18) ﴿رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًاo ﴾(سورة الفرقان: ۷۴)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

''اے ہمارے رب! ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے (دل کا چین) اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔''

(19) ﴿رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ﴾

(سورۂ صافات:۱۰۰)

''اے پروردگار! مجھے (اولاد) عطا فرما (جو) نیکوں میں سے (ہو)۔''

(20) ﴿رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْإِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾ (سورۂ حشر:۱۰)

''اے پروردگار! ہمارے اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد) نہ پیدا ہونے دے، اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے۔''

(21) ﴿رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

مُؤْمِناً وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ o ﴾ (سورۂ نوح:۲۸)
''اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان لا کر میرے گھر میں آئے اس کو اور تمام ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو معاف فرما اور ظالم لوگوں کے لئے اور زیادہ تباہی بڑھا۔''

حدیثِ شریف سے ثابت دعائیں:

(22) ((اَللّٰهُمَّ لَاسَهْلَ اِلَا مَاجَعَلْتَهُ سَهْلًا وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزَنَ سَهْلاً اِذَا شِئْتَ))
''اے اللہ! کوئی چیز آسان نہیں، سوائے اس کے جسے تو آسان کردے اور جب تو چاہتا ہے تو ہی دشوار کو آسان کرتا ہے۔''

(23) ((اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنْ الْعَجْزِ وَالْكَسَلُ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ))
(بخاری : ۲۸۲۳، ۶۳۶۷''الجهاد و الدعوات''
مسلم :۲۹/۱۷''الذکر '')

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

”اے اللہ ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ، بے بسی کاہلی ، بزدلی اورشدید بڑھاپے سے اورمیں تیری پناہ مانگتا ہوں ، عذاب قبر سے،اورمیں تیری پناہ مانگتا ہوں،موت وحیات کے فتنے سے۔“

(24) ((اللّٰهُمَّ اِنّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ)) (مسلم :۱۷/ ۵۴”الرقاق“ ابو دائود:۱۵۴۵”الصلاۃ “باب لامتضان)

”اے اللہ ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ، زوال نعمت سے ، تیری عافیت کے منہ موڑ جانے سے ، تیرے ناگہانی عذاب اور تیرے غضب وغصے سے۔“

(25) ((اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الاُمُورِ كُلِّهَا وَآجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الآخِرَةِ))

”اے اللہ ! تمام امور میں ہمارا انجام اچھا کر اور دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے ہمیں بچا۔“ (اس کو احمد اور حاکم کے علاوہ عبداللہ بن احمد نے ”زوائدالمسند“ میں اور ابن حبان وغیرہ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

نے روایت کیا ہے۔اس کی مفصل تخریج ہم نے حضرت العلام مولانا عطاء اللہ صاحب حنیفؒ کے معروف رسالہ ''پیارے رسول ﷺ کی پیاری دعائیں''میں کی ہے ۔ ملاحظہ ہو نمبر ۱۴۱۔اور یہ تقریباً حسن درجہ کی حدیث ہے حافظ ابن حبان نے اس کو صحیح کہا ہے۔)

(26) ((اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُوْلُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَاتَهُوْنُ بِهِ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا وَلَاتَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِي دِيْنِنَا وَلَاتَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَاتُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا))

''اے اللہ! ہمیں اس قدر اپنا خوف وتقوی عطا کر کہ جو ہمارے اور تیری نافرمانیوں کے مابین حائل ہوجائے اور ہمیں اس قدر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اپنی اطاعت نصیب فرما کہ جو ہمیں جنت تک پہنچا دے، اور ہمیں اتنی دولت یقین سے نواز کہ اس دنیا کے مصائب ہمارے لیے آسان ہو جائیں، اور ہمیں ہماری قوت سماعت وشنوائی، قوت بینائی اور قوت جسمانی سے اس وقت تک بہرہ ور رکھ جب تک کہ تو ہمیں زندہ رکھے۔ اور اس (بہرہ مندی) کو ہماری وارث بنا دے اور جس نے ہم پر ظلم کیا اس سے انتقام لے، جو ہم پر زیادتی کرے اس کے خلاف ہماری مدد فرما اور جو ہم سے دشمنی رکھے اس کے خلاف بھی ہماری مدد فرما اور کسی مصیبت کو ہمارے دین پر مؤثر ونقصان دہ نہ بنا اور اس دنیا کو ہماری سوچ وفکر اور علم وعقل کا محور ومرکز نہ بنا دے۔ اور ہم پر کسی ایسے شخص کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔" (ترمذی (۳۵۰۲) "الدعوات" مستدرک (۵۲۸/۹) اس کو ترمذی نے حسن کہا ہے حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا ہے۔)

(27) ((لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَـرْشِ الْـعَـظِيـمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ))
"عظیم وحلیم اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ عرش عظیم کے رب کے سوا کوئی معبود برحق نہیں آسمانوں اور عرش کریم کے رب کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔" (بخاری: ٦٣٤٥، ٦٣٤٦، مسلم: ٤٧/١٧، ٤٨)

㉘ ((يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ))
"اے ہمیشہ زندہ وقائم رہنے والے! میں تیری رحمت کے ساتھ مدد طلب کرتا ہوں۔" (ترمذی: ٣٥٢٤) ترمذی کی سند ضعیف ہے مگر اس کے بعض شواہد ہیں جن کی بناء پر یہ حدیث صحیح ہے۔)

㉙ ((اللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو، فَلَا تَكِلْنِي إِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَاَصْلِحْ لِيْ شَأْنِي كُلَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ))
"اے اللہ! میں تیری رحمت کا امید وار ہوں، مجھے لمحہ بھر کے لیئے بھی میرے نفس کے سپرد نہ کرنا، میرے تمام حالات کی اصلاح فرما، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔" (ابوداؤد: ٥٠٩٠، "الأدب" باب "ما يقول اذا اصبح" یہ حسن درجہ کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حدیث ہے۔)

(30) ((اللّٰھُمَّ اِنِّی عَبْدُكَ وَابْنَ عَبْدِكَ وَابْنَ اَمَتِكَ نَاصِيَتِی بِيَدِكَ،قَاضٍ فِی حُكْمِكَ، عَدْلٌ فِی قَضَائِكَ، اسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ أَوْ اَنْزَلْتَهُ فِی كِتَابِكَ أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَداً مِنْ خَلْقِكَ أَوْ اِسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِی عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيْعَ قَلْبِی وَنُورَ صَدْرِی وَجَلاءَ حُزْنِی وَذَهَابَ هَمِّی))

''اے اللہ ! میں تیرا بندہ ! تیرے ایک بندے اورایک بندی کا بیٹا ہوں میں تیرے قابو میں ہوں۔مجھ پر تیرا حکم چلتا ہے مجھ پر تیرا ہر فیصلہ مبنی برعدل ہے میں تیرے اسماء حسنٰی، جو تو نے اپنے لیے اختیار کیئے، اپنی کتاب میں نازل فرمائے، اپنی مخلوق میں کسی کو سکھالائے یا جنھیں تو نے اپنے علم غیب میں ترجیح دے رکھی ہے۔ان تمام اسماء کے ساتھ میں سوال کرتا ہوں کہ قرآن کریم کو میرے دل کا سرور اور سینے کا نور بنادے اور اسے میرے

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

غم کا نور کرنے اور پریشانیاں دور کرنے کا ذریعہ بنا دے۔“
(یہ حدیث صحیح ابن حبان اور مسند احمد کے علاوہ مسند ابویعلی وغیرہ میں بھی ہے۔ شیخ البانی نے ”الاحادیث الصحیحہ“ میں اس کو صحیح کہا ہے۔)

(31) ((اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُون، اللّٰهُمَّ آجِرْنِی فِی مُصِيْبَتِی وَاخْلُفْ لِی خَيْرًا مِنْهَا)) (مسلم ٦/ ٢٢٠، ”الجنائز“ باب ”مايقال عند المصيبة“)
”بے شک ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! مجھے مصیبت سے بچانا اور میرے لیے اس سے بہتر چیز مقدر کرنا۔“

(32) ((اللّٰهُمَّ أكْفِنِی بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاغْنِنِی بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ))
”اے اللہ! مجھے حرام سے بچا کر حلال کے ساتھ کفایت عطا کر اور اپنے فضل وکرم کے ساتھ مجھے تو اپنی ذات کے سوا ہر کسی سے غنی کر دے۔“ (ترمذی: ٣٥٦٣، اسے احمد نے ”فضائل

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

الصحابۃ'':۱۱۴۲، ۱۲۰۸، میں طبرانی نے ''الدعاء'':۱۰۴۲میں اورحاکم:۱/۵۳۸ نے بھی علیؓ سے روایت کیا ہے یہ حسن درجہ کی حدیث ہے ترمذی نے بھی اسے حسن کہا ہے حاکم نے اسے صحیح کہا ہے اورذہبی نے ان کی موافقت کی ہے ۔ اس کی سند میں عبدالرحمان بن اسحاق ہے اور یہ دو ہیں ایک واسطی اوردوسرا قرشی واسطی ضعیف ہے مگر قرشی صدوق ہے جیسا کہ ''تقریب'' میں ہے اوراس حدیث کی سند میں عبدالرحمٰن بن اسحٰق قرشی ہے جیسا کہ حاکم اوراسی طرح احمد کی ایک روایت میں صراحت ہے۔ اوراس نے اس حدیث کو سیار ابوالحکم سے روایت کیا ہے ۔ دعاء طبرانی کے محقق ڈاکٹر محمد سعید نے اس حدیث کی سند کو ضعیف کہا ہے اس لیے کہ ان کے نزدیک یہ عبدالرحمٰن بن اسحٰق واسطی ہے قرشی نہیں کیونکہ قرشی سیار ابوالحکم سے روایت نہیں کرتا۔ اسی طرح حاکم کی تصحیح اورذہبی کی موافقت ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ شاید ان کو اشتباہ ہوگیا ہے کہ انہوں نے واسطی کو قرشی سمجھ لیا ہے۔

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

قلت :قرشی کی صراحت اگر صرف حاکم ہی کے ہاں ہوتی تو ہم کسی حد تک ڈاکٹر صاحب کی بات کو تسلیم کر لیتے اور کہہ دیتے کہ ممکن ہے حاکم کے ہاں عبدالرحمٰن کے قرشی ہونے کی صراحت ان کے اوہام میں سے ہو مگر یہ صراحت تو احمد کی ایک روایت میں بھی ہے جیسا کہ ابھی ذکر ہوا۔ رہا ڈاکٹر صاحب کا یہ دعویٰ کہ قرشی ،سیار ابوالحکم سے روایت نہیں کرتا تو یہ دعویٰ مردود ہے کیونکہ قرشی کی بھی سیار ابوالحکم سے روایت ہے جیسا کہ ابن ابی حاتم نے ''الجرح والتعدیل'' (۲۱۲/۵) میں ذکر کیا ہے ۔ غالباً ڈاکٹر صاحب نے یہ دعویٰ صرف ''تہذیب التہذیب'' ہی دیکھ کر کر ڈالا ہے۔راقم الحروف نے ڈاکٹر صاحب پر یہ دو ''پیارے رسول کی پیاری دعائیں'' کی مفصل تخریج میں بھی کیا ہے)۔

(33) ((اللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا وَفِي لِسَانِي نُورًا وَفِي بَصَرِي نُورًا وَفِي سَمْعِي نُورًا وَعَنْ يَمِيْنِي

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نُوراً وَعَنْ يَسَارِى نُوراً وَمِنْ اَمَامِى نُوراً وَمِنْ خَلْفِى نُوراً وَاجْعَلْ لِى فِى نَفْسِى نُوراً وَاعْظِمْ لِى نُوراً))

''اے اللہ! میرے دل میں، میری زبان میں، میری آنکھوں کی بصارت میں اور میرے کانوں کی سماعت وشنوائی میں نور بھر دے، میرے دائیں، بائیں اوپر، نیچے اور آگے پیچھے نور بکھیر دے۔ اور میرے لیے میرے نفس میں نور پیدا فرمادے۔ اور میرے لیے نور کا خطہ وافر مقدر فرمادے۔''

(بخاری: ۶۳۱۶ ''الدعوات'' مسلم: ۶/ ۴۵، ۴۹، ۵۱ ''صلاۃ المسافرین'' ابوداؤد: ۱۳۵۳ اور نسائی: ۲/ ۲۱۸ وغیرہ ملاحظہ ہو ''تخریج صلوۃ الرسول'' نمبر ۶۹۳)

(34) ((اللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِى وَآمِنْ رَوْعَتِى وَاقْضِ عَنِّى دَيْنِى)) (انظر مشكوٰة المصابيح بتحقيق الالبانى: ۲۴۵۵ وصحيح الجامع الصغير: ۲۸۵ مؤلف)

''اے اللہ! میرے پردے رکھنا اور خوف وخطر سے مجھے محفوظ رکھنا اور مجھ پر جو قرضے ہیں انہیں ادا کروانے کی تدبیر کرنا۔''

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

35 ((اللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِی دِیْنِی الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِی وَاَصْلِحْ لِی دُنْیَایَ الَّتِی فِیْھَا مَعَاشِی وَاَصْلِحْ لِی آخِرَتِی الَّتِی فِیْھَا مَعَادِی وَاجْعَلْ الْحَیَاۃَ زِیَادَۃً لِیَ فِی کُلِّ خَیْرٍ، وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِی مِنْ کُلِّ شَرٍّ))

''اے اللہ! میرے لیے میرے دین کی اصلاح فرما جو میرے تمام امور کی حفاظت وعصمت کا ذریعہ ہے۔ اور میری دنیا کی اصلاح فرما جس میں میرا روزگار ہے اور میری آخرت کی اصلاح فرما جو کہ میرا آخری ٹھکانا ہے، اور ہر بھلائی کے لیے میری عمر دراز کردے اور ہر برائی سے بچانے کے لیے موت کو میرے لیے باعث راحت بنادے۔'' (مسلم: ۴۰/۱۷)

36 ((اللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی ذَنْبِی وَوَسِّعْ لِی فِی دَارِی وَبَارِكْ لِی فِی رِزْقِی))

''اے اللہ! میرے گناہوں کی مغفرت فرما۔ میرے گھربار میں کشائش کردے اور میری روزی میں برکت نازل فرما۔''

(ترمذی اور اسی طرح ''المعجم الصغیر'' للطبرانی میں یہ دعاء

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

ابوھریرۃ ؓ سے مروی ہے اوراس کی سند حسن درجہ کی ہے)

(37) ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ الْعِفَّةَ وَالْعَافِيَةَ فِي دُنْيَایَ وَدِيْنِي وَاَھْلِي وَمَالِي، اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِي وَآمِنْ رَوْعَتِي وَاحْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِيْنِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي))

’’اے اللہ !میں اپنے دینی ودنیوی اوراہل ومال کے تمام معاملات میں عفت وعافیت کا طلب گار ہوں ۔اے اللہ! میرے پردے رکھنا اورمیری میرے سامنے پیچھے ،دائیں، بائیں اوراوپر سے حفاظت فرمانا اورمیں تیری پناہ مانگتا ہوں اوراس سے کہ کہیں زمین میں نہ دھنسادیا جاؤں ۔‘‘(ابوداؤد: ۵۰۷۴ باسناد صحیح عن ابن عمر والبزار:۳۱۹۶ عن ابن عباس)

(38) ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی))

’’اے اللہ !میں تجھ سے ہدایت ،تقوی عفت اوردولت مندی

’’ محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ‘‘

www.KitaboSunnat.com

وغنا کاسوال کرتا ہوں ۔“(مسلم :۱۷/۴۰، ۴۱،ترمذی:
۳۴۸۹،ابن ماجہ:۳۸۳۲)

(39) ((اللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ، عَاجِلِهٖ وَآجِلِهٖ ، مَاعَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَآجِلِهٖ مَاعَلِمْتُ مِنْهُ وَمَالَمْ اَعْلَمْ، اللّٰھُمَّ اِنِّی أَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَاسَئَلَكَ بِهٖ عِبْدُكَ وَنَبِیُّكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ بِهٖ عِبْدَكَ وَنَبِیُّكَ اللّٰھُمَّ أَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْعَمَلٍ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْعَمَلٍ، وَأَسْئَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَیْتَهٗ لِی خَیْرًا))(ابن ماجه: ۳۸۴۶باسناد صحیح وصححه ابن حبان: ۲۴۱۳وكذاالحاكم: ۱/۵۲۲ووافقه الذهبی)

”اے اللہ! میں تجھ سے ہر بھلائی کا سوال کرتا ہوں وہ جلد

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

ہو یا بدیر اور اسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا ہوں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر برائی سے جو جلد ہو یا دیر میں اور میں اسے جانتا ہوں یا نہیں بھی جانتا، اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بھلائی کا جو تیرے بندے اور تیرے نبی نے تجھ سے طلب کی اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس برائی سے جس سے تیرے بندے اور تیرے نبی نے پناہ طلب کی ۔ اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور ہر اس قول و عمل کی توفیق کا جو مجھے اس کے قریب کرے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں نارِ جہنم سے اور ہر اس قول و عمل سے جو مجھے اس کے قریب لے جائے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو ہر اس فیصلے کو جو میرے بارے میں کر چکا ہے اسے میرے لیے بھلائی والا بنا دے۔"

(40) ((اللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَاثِمِ وَالْمَغْرَمِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الغِنَى وَأَعُوذُ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّي خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَا ى كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبُ)) (بخاری: ٦٣٦٨، مسلم: ١٧/ ٢٨، ٢٩، ترمذی: ٣٤٩٥، نسائی ٨/ ٢٦٢، ٢٦٣ ابن ماجه: ٣٨٣٨)

''اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں کاہلی، شدید بڑھاپے، گناہ، قرض، قبر کے فتنے، قبر کے عذاب، آگ کے فتنے اور آگ کے عذاب سے، اور مالداری کے فتنہ اور غربت کے امتحان سے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں، کانے دجال کے فتنے سے، اے اللہ! میری خطاؤں کو پانی، برف اور اولوں کے ساتھ اس طرح دھودے جس طرح سفید کپڑے سے میل کچیل دھودی جاتی ہے اور میرے اور گناہوں کے مابین اتنی دوری کردے جتنی کہ مشرق ومغرب کے مابین ہے۔''

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(41) ((اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَات، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ)) (بخاری: ۱۳۷۷ "الجنائز" مسلم: ۵/۸۷، ۸۸ "الصلاۃ"، نسائی: ۸/۲۷۵، "الاستعاذۃ")

"اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور نار جہنم کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور میں موت وحیات کے فتنے اور کانے دجال کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔"

(42) ((اَللّٰهُمَّ إِنِّى أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَعَمَلٍ لَا يُرْفَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ))

"اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں، ایسے علم سے جو نفع بخش نہ ہو۔ ایسے عمل سے جو مقبول نہ ہو، اور ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے۔" (یہ دعا صحیح ہے یہ متعدد صحابہ سے بعض الفاظ کے تغیر وتبدل اور بعض الفاظ کے اضافے سے مروی ہے دیکھیں دعا نمبر ۲۷۸)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(43) ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الْعَدُو وَشَمَاتَةِ الاَعْدَاءِ))
''اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں قرض اور دشمنوں کے غلبے اوران کے خوش ہونے کے مواقع سے۔'' (نسائی:۸/۲۶۵، ۲۶۸، مستدرک:۱/۵۳۱، اس کو امام حاکم نے مسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے اور ذہبی نے ان کی موافقت کی ہے)

(44) ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعِيلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفرِ وَالْفُسُوقِ وَالشِّقَاقِ والسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الصُّمِّ وَالْبُكْمِ وَالْجُنُونِ وَالْجِذَامِ وَسَيِّءَ الاَسْقَامِ وَضِلْعِ الدَّيْنِ))
''اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں، سنگ دلی، غفلت، فقروفاقہ اورذلت ومسکنت سے، اورمیں تیری پناہ مانگتا ہوں، فسق وفجور نافرمانی اورنمودونمائش سے۔ اورمیں پناہ مانگتا ہوں، بہرہ، گونگا، دیوانہ اورکوڑھی ہونے سے اورتمام بُری

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ولا علاج بیماریوں سے اور قرض کے بوجھ سے۔'' (اس کو ابن حبان نے صحیح کہا ہے حاکم نے اس کو بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے اور ذہبی نے ان کی موافقت کی ہے۔)

(45) ((اَللّٰهُ، اَللّٰهُ رَبِّیْ، لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئاً))

''اللہ ہی اللہ میرا پروردگار ہے۔ میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔'' (ابوداؤد: ۱۵۲۵ باب فی الاستغفارۃ'' عن اسماء بنت عمیس شیخ شعیب نے اس کی سند کو حسن کہا ہے''تحقیق صحیح ابن حبان'': ۱۴۶/۳)

(46) ((اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِی بِالْإِسْلَامِ قَائِمَاً، وَاحْفَظْنِی بِالْإِسْلَامِ قَاعِدَاً، وَاحْفَظْنِی بِالْإِسْلَامِ رَاقِدَاً، وَلَا تُشْمِتْ بِیَ عَدُوّاً وَلَا حَاسِدَاً، اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ))(مستدرك حاكم : ۵۲۵/۱)

''اے اللہ! مجھے کھڑے بیٹھے، سوئے ہر حالت میں اسلام پر

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

قائم رکھتے ہوئے میری حفاظت فرما۔ دشمنوں اورحسد کرنے والوں کومجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دے۔اے اللہ! میں تجھ سے ہر بھلائی کا طلب گار ہوں کہ جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور میں ہر برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ اس کے خزانے بھی تیرے ہاتھ میں ہیں۔''

(47) ((اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي خَطِيْئَتِي وَجَهْلِي وَإِسْرَافِي فِي أَمْرِي وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي خَطِيْئَتِي وَعَمْدِي وَهَزَلِي وَجِدِّي وَكُلَّ ذٰلِكَ عِنْدِي، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي مَاقَدَّمْتُ وَمَاأَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ))

''اے اللہ! میری خطاو نادانی، حدود سے تجاوز سب کی مغفرت فرما جنہیں تو مجھ سے بھی زیادہ جانتا ہے۔اے اللہ! میری خطاء جان بوجھ کر کئے گئے گناہ، غیر ارادی طور پر اور ارادۃً کئے ہوئے گناہ معاف فرما کہ یہ سب میرے نامہ اعمال میں ہیں۔

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! مجھے میرے اگلے، پچھلے، پوشیدہ اورعلانیہ سب گناہ معاف فرمادے۔تو ازل سے ہے اور ابد تک ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے“۔(بخاری:٦٣٩٨،مسلم:٧/١٧٠)

(48) ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُونِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَيِّءِ الاَسْقَامِ))

”اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں برص جنون ودیوانگی اورکوڑھ کی بیماریوں اوردوسرے لا علاج امراض سے۔“ (مذکورین کے علاوہ اس کو طیالسی اورابن عدی وغیرہ نے بھی روایت کیا ہے اوراس کی سند صحیح ہے۔)

(49) ((اَللّٰھُمَّ اِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِی وَالْھَدَمِ وَالْغَرَقِ وَالْحَرْقِ وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ يَخْبِطَنِي الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَأَعُوذُ بِكَ اَنْ اَمُوتَ فِي سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ اَمُوتَ لَدِيْغًا))

”اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ کسی اونچائی سے گر کر کسی چیز کے نیچے دب کر، ڈوب کر یا جل کر مروں، اور میں تیری پناہ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

مانگتا ہوں کہ موت کے وقت شیطان مجھے اچک لے (مبتلائے فتنہ کر دے۔) اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ تیری راہ میں الٹے پاؤں بھاگنے والے کی موت مروں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ کسی زہریلے جانور یا کیڑے کے کاٹنے سے مروں۔''

(ابوداؤد: ۱۵۵۲، ۱۵۵۳، نسائی: ۲۸۲/۸، ۲۸۳، حاکم: ۵۳۱/۱ اس کی سند حسن درجہ کی ہے حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے اور ذہبی نے ان کی موافقت کی ہے۔)

50 ((اَللّٰھُمَّ اِنِّی أَعُوذُ بِكَ مِنْ یَوْمِ السُّوْءِ، وَمِنْ لَیْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ، وَمِنْ جَارِالسُّوْءِ فِی دَارِالْمَقَامَةِ))

''اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں، برے دن، بُری رات، بُری گھڑی، بُرے ساتھی اور قیام گاہ کے بُرے پڑوسی سے۔''

(انظر صحیح الجامع الصغیر للالبانی (۱۳۱۱) وسلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ (۱۴۴۳) مؤلف)۔

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سپاسِ تشکّر

اس کتاب کی طباعت میں ''توحید پبلیکیشنز ۔ بنگلور'' کے ساتھ جن احباب نے تعاون فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے اس تعاون کو قبول فرمائے ۔ وَجَزَاهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ الْجَزَاءِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔